Press Release
پریس ریلیز
मौलाना आज़ाद नेशनल उर्दू यूनिवर्सिटी مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی
MAULANA AZAD NATIONAL URDU UNIVERSITY
پارلیمنٹ ایکٹ کے تحت ۱۹۹۸ء میں قائم شدہ مرکزی یونیورسٹی
گچی باؤلی، حیدرآباد 032 500۔تلنگانہ
فون:-040-23006606، 15-23006612 (104)، فیکس:23006606، ای میل:۔manuupro1@yahoo.com، ویب سائٹ:www.manuu.ac.in

یکم رفروری 2019

اُردو یونیورسٹی میں 4رفروری کو کالجوں کی خودمختاری پر یو جی سی کا ورکشاپ

حیدرآباد، یکم رفروری (پریس نوٹ): یونیورسٹی گرانٹس کمیشن، ساؤتھ ایسٹرن ریجنل آفس، حیدرآباد کی جانب سے 4فروری کو مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے ڈی ڈی ای آڈیٹوریم میں ورکشاپ کا انعقاد کیا جارہا ہے۔ ورکشاپ کا عنوان ''کالجوں کی خودمختاری: فوائداور پیشرفت'' ہے۔

ڈاکٹر جی سرینواس، جوائنٹ سکریٹری، یو جی سی سیرو کے بموجب 4رفروری کو 10.15 بجے دن وائس چانسلر، مانو پروفیسر محمد اسلم پرویز شرکاء کا استقبال کریں گے۔ پروفیسر گوپال ریڈی، رکن کمیشن، یو جی سی؛ پروفیسر ٹی پاپی ریڈی، صدرنشین، تلنگانہ اسٹیٹ کونسل آف ہائیر ایجوکیشن (TSCHE)، حیدرآباد؛ پروفیسر ایس راما چندرم، وائس چانسلر، عثمانیہ یونیورسٹی؛ پروفیسر وی وی رمن، نائب صدرنشین، TSCHE اور پروفیسر کے بھاسکر، وائس چانسلر، ایم ایس یونیورسٹی ترونلویلی افتتاحی اجلاس میں سے خطاب کریں گے۔ ڈاکٹر جی سرینواس، ریجنل ڈائرکٹر، یو جی سی ورکشاپ کا تعارف اور اغراض ومقاصد پیش کریں گے۔

مانو، شعبہ اسلامک اسٹڈیز میں 'شخصیات کا خاکہ اور یادگاری عمارتیں' پروگرام کا انعقاد

حیدرآباد، یکم رفروری (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کا شعبۂ اسلامک اسٹڈیز طلبہ کی ہمہ جہت صلاحیتوں کو پروان چڑھانے کے لئے مختلف النوع پروگراموں کا انعقاد کرتا رہتا ہے۔ اسی ضمن میں شعبہ کے بزم طلبہ کے تحت ''شخصیات کا خاکہ اور یادگاری عمارتیں'' (Character Sketch and Monuments) کے عنوان سے ایک پروگرام کا انعقاد عمل میں آیا، جس میں ایم اے کے تمام طلبہ نے شرکت کی۔ انہوں نے عالم اسلام کی عظیم شخصیات اور مختلف تاریخی عمارتوں پر اپنے مطالعات اور معلومات کی روشنی میں اپنی آراء اور افکار ونظریات کا اظہار کیا۔

یہ پروگرام تحریر، تقریر، پی پی ٹی اور پوسٹر پر مشتمل تھا، چنانچہ ایم اے سال اول کے مرزا انصار بیگ نے سلطان صلاح الدین ایوبی، آفرین بیگم نے علامہ شبلی نعمانی، شیخ سیف الدین نے عباسی حکمراں ہارون رشید، ثاقب راز نے حجر اسود اور ایم اے سال دوم میں سے سید قدیر احمد نے محمود گاواں اور عزیز احمد نے چیرامن جمعہ مسجد کو موضوع گفتگو بناتے ہوئے اپنی تحریر وتقریر کے ذریعہ ان کے اہم مخفی اوصاف وخصوصیات کو اُجاگر کرنے کی کوشش کی۔ ان کے علاوہ ایم اے سال اوّل کی میمونہ نے مسجد اقصیٰ اور سال دوم کی نویدالسحر نے ٹیپو سلطان پر PPT کے ذریعہ اپنی گفتگو پیش کی۔ ان میں سے آخرالذکر کی پیشکش انگلش زبان میں تھی۔ نیز ایم اے سال اول کی سمیرا رابعہ نے مولانا جلال الدین رومی اور ثریا رانی نے مسجد سلطان احمد (نیلی مسجد) پر پوسٹرز کے سہارے اپنی بات حاضرین تک پہنچانے کی کوشش کی۔

پروگرام کے اخیر میں شعبہ کے استاذ ڈاکٹر شکیل احمد نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے طلبہ کی صلاحیتوں کی ستائش کی اور انھیں مفید مشوروں سے نوازا۔ اس پروگرام میں شعبہ کے تمام اساتذہ اور ریسرچ اسکالرس نے شرکت کی۔ پروگرام کا آغاز ایم اے سال اول کے طالب علم شیخ سیف الدین کی تلاوت قرآن کریم سے ہوا، میمونہ ایم اے سال اول نے نعت شریف پیش کی، اور نظامت کے فرائض عزیز احمد ایم اے سال دوم نے انجام دیئے۔

عابد عبدالواسع
پبلک ریلیشنز آفیسر

نوٹ:- خبر اور تصویر ای میل سے روانہ کی جارہی ہیں۔